# Islamiat Elective - FA Part 2 Islamiat Elective Full Book Online Test Short Questions Preparation

Q1. حضرت آدم(ع) کو کس چیز سے منع کیا گیا ؟

**Ans 1:** اللہ نے حکم دیا کہ جنت میں سے جو مرضی چاہو کھاؤ لیکن ایک درخت کے بارے میں ہدایت کی کہ اس درخت کے پاس نہ جانا،ورنہ ظالموں میں سے ہو جاؤں گے.درخت کے بارے میں کوئی واضح معلومات نہیں ہیں کہ وہ کونسا درخت تھا،کچھ لوگ اس کے بارے میں گندم کی طرف اشارہ کرتے ہیں

---

Q2. صیحین سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** حدیث کی معتبر ترین کتابیں "بخاری اور مسلم " دونوں کتب کو صیحین کہا جاتا ہے.

---

Q3. ترجمہ کریں.وَاِنَّھُمْ اِلَیہِ رَاجِعُوْنَ.

**Ans 1:** ترجمہ : اور انہوں نے اسی کی طرف رجوع کرنا ہے.

---

Q4. عذاب عظیم کن کو دیا گیا ہے؟

**Ans 1:** عذاب عظیم ان لوگوں کو دیا گیا ہے جنہون نے قرآن مجید کی تعلیمات کو جھٹلایااور ان کا انکار کیا،اللہ نے ان لوگوں کے دلوں اور کانوں پر ان کی سرکشی کی بدولت مہر لگا دی تھی اور ان کا کانوں پر پر دہ پڑ گیا تھا.

---

Q5. حدیث کے مطابق قلب اور انسانی جسم کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

**Ans 1:** ????? : ?????? ??? ??? ???? ?? ??? ?????? ?? ??? ?? ???? ?? ??? ?? ???? ??? ???? ?? ??????? ??? ?? ??? ??? ?? ???? ??? ??? ??? ??? ?? ?? ??.

---

Q6. سورۃ بقرہ کی فضیلت میں ایک حدیث بیان کریں.

**Ans 1:** سورۃ البقرہ کی بہت بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے،اس سلسلے میں حدیث پاک بیان کی جاتی ہیں. 1.حضور(ص) نے فرمایا ہر چیز کی ایک کوہان یعنی بلندی ہوتی ہے.قرآن مجید کی کوہان سورۃ القرہ ہے. 2.ارشاد بنوی(ع) ہے جو شخص دن کے وقت قریب اپنے گھر میں تلاوت سورۃ البقرہ کرتا ہے.اس کے گھر میں تین دن شیطان داخل نہیں ہوتا.اور جو رات کو تلاوت کرتا ہے تین راتین شیطان اس کے گھر شیطان داخل نہیں ہوتا.

---

Q7. لاتغضبُ گرامر کے مطابق کیا ہے؟

**Ans 1:** لاتغضبُ گرامر کے لحاظ سے فعل نہی ہے.

---

Q8. تقریری حدیث سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** تقریری حدیث سے مراد ہے کہ آپ(ص) کوئی کام کرتے ہوئے دیکھا ہو اور خاموشی اختیار کی ہو اور اس سے منع بھی نہ کیا ہو تو اسے تقریری حدیث کہیں گے.

Q9. توحید کے بارے میں ایک آیت تحریر کریں.

**Ans 1:** ترجمہ : اللہ ایک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے.

Q10. کلمہ طیبہ عربی متن کے ساتھ لکھیں.

**Ans 1:** ??? ?????? ?????? ???? ????????? ??????? ?????

Q11. ذَهَبَ سے فعل مضارع بنائیں.

**Ans 1:** ذَهَبَ سے فعل مضارع يَذْهَبُ ہے.

Q12. ترجمہ اور تشریح کریں وَعَلٰى اَبۡصَارِهِمۡ غِشَاوَةٌ .

**Ans 1:** ترجمہ :"اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے" مذکورہ بالا آیات میں کفار کی ہٹ دھرمی کا ذکر کیا گیا ہے کہ ان کے مسلسل انکار کی وجہ یہ ہے کہ چاروں ططرف پھیلی ہوئی قدرت خداوندی کی واضح نشانیاں بھی ان کی نگاہیں نہیں دیکھ سکتیں.گویا اللہ کریم کی یہ وہ پھٹکار ہے جو ان کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے ان آنکھوں پر بھی مسلط ہے.کہ وہ کرہ ارض پر حق و سچ پر محیظ وحدت الہیٰ اور جھوٹ و غلط بیانی کی بنیاد اور شرک اور کفر کے واضح فرق کو بھی نہیں دیکھ سکتیں.

Q13. حضرت سلیمان(ع) کے عہد میں کس چیز کا رواج تھا؟

**Ans 1:** حضرت سلیمان(ع) کے عہد میں جادوگری کو رواج حاصل تھا حالانکہ حضرت سلیمان(ع) کا ان سے کوئی تعلق نہیں تھا.اس وقت شیطان نے یہود کو بہکانا شروع کیا کہ حضرت سلیمان(ع) کو سلطنت صرف جادو کی مرہون منت ہے.

Q14. ابن ماجہ کے مؤلف کا نام لکھیں،

**Ans 1:** ابن ماجہ کے مؤلف کا نام محمد بن یزیر المعروف ابن ماجہ ہے.

Q15. ترجمہ کریں. ضَالُ

**Ans 1:** ترجمہ : گمراہی

Q16. نزول قرآن کی مدت تحریر کریں.

**Ans 1:** نزول قرآن کی مدت تقریباً 23 سال تھی.

Q17. دین کس کے لیے خیر خواہی ہے؟

**Ans 1:** دین کتاب الہی،رسول کریم(ص) مسلمان حکمران اور عام مسلمانوں کے لئے خیر خواہی ہے.

Q18. فعل امر کی تعریف کریں.

**Ans 1:** وہ فعل جس میں مخاطب کو کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے فعل امر کہلاتا ہے.

---

Q19. اللہ پاک ہے اور کس چیز کو قبول کرتا ہے؟

**Ans 1:** اللہ پاک ہے اور وہ صرف پاکیزہ چیزوں کو پسند اور قبول کرتا ہے.پاک چیزوں کے سوا کچھ بھی قبول نہیں کرتا.

---

Q20. سنن کس قسم کی کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

**Ans 1:** جس کتاب میں احادیث کو فقہی مسائل مثلاً طہارت،نماز ،زکوٰۃ روزہ،حج اور جہاد وغیرہ کے مطابق جمع کیا گیا ہو اور اس کو سنن کہا جاتا ہے.

---